لینٹ

مسیح کا صلیب تک کا سفر

2GO BIBLE STUDY SERIES

ہر روز کلام مقدس کو پڑھیں، سمجھنے کے لیے دعا کریں، اور سوالات کے جواب دیں۔

ہفتہ ۱: لوقا ۲۲:۷-۲۰
ہفتہ ۲: یُوحنّا ۱۸:۱-۱۱
ہفتہ ۳: مرقس ۱۵:۱-۱۵
ہفتہ ۴: متّی ۲۷:۲۷-۴۴
ہفتہ ۵: متّی ۲۷:۴۵-۶۱
ہفتہ ۶: یُوحنّا ۲۰:۱-۱۸
ہفتہ ۷: لوقا ۲۴:۳۶-۵۳

دن ۱
اس حوالے میں آپ نے یسوع کے بارے میں کیا سیکھا؟
جو کام اُس نے کیا اُس میں کیا اہم ہے؟
آپ کو سب سے زیادہ دلچسپ کیا لگا؟

دن ۲
اس حوالے میں کون لوگ ہیں؟
وہ یسوع کو کیسے جواب دیتے ہیں؟ ان کے اعمال کیا ظاہر کرتے ہیں؟
اگر آپ ہوتے تو کیسے جواب دیں گے؟

دن ۳
اپنے آپ کو یسوع کے ساتھ اُن لمحات میں تصور کریں۔ ترتیب کی وضاحت کریں (کیا دیکھا، محسوس کِیا، اور کیا سُنا)۔
اس صورت حال میں آپ کیسا محسوس کریں گے؟
اگر آپ وقت میں واپس جاسکتے، تو کیا آپ ان لمحات کے لیے وہاں رہنا چاہیں گے؟ کیوں یا کیوں نہیں؟

دن ۴
حوالہ بُلند آواز میں پڑھیں (مُطالعاتی بائبل سے پڑھ سکتے ہیں)۔ سننے اور غور کرنے کے لیے وقت نکالیں۔ یہ حوالہ کیا امید پیش کرتا ہے؟
آپ کو امید کی ضرورت کہاں ہے؟
یہ حوالہ آپ کو کیا امید پیش کرتا ہے؟
مسیح نے آپ کو جو امید دی ہے اس کے لیے شکر گزاری کا اظہار کرتے ہوئے دعا لکھنے یا ریکارڈ کرنے کے لیے وقت نکالیں۔

دن ۵
اس مطالعے کے ذریعے مسیح کے بارے میں آپ کا نظریہ کیسے بدلا؟
آپ ان حوالوں کے مطالعہ سے کیا یاد رکھنا چاہیں گے؟
آپ نے جو کچھ سیکھا ہے آپ کس کو بتانا چاہیں گے؟

* آپ biblegateway.com پر متوازی حوالاجات تلاش کرسکتے ہیں۔

جیسا کہ آمد کا موسم ہمارے دلوں کو کرسمس کے لیے تیار کرتا ہے، لینٹ ہمیں مسیح کے جی اٹھنے کی اہمیت پر غور کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ لینٹ (لاطینی سے، جس کا مطلب چالیسواں ہے) راکھ کے بدھ سے ایسٹر سنڈے تک چالیس دن ہیں۔ ابتدائی مسیحیوں نے خُداوند یسوع مسیح کے صلیب تک سفر پر غور کرنے کے لیے اپنے معمولات کو چھوڑا۔ یُوورژن کا یہ پانچ روزہ منصوبہ ہمیں لینٹ کے لیے تیار ہونے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ یہ این بی ایس ٹُو گو ویب سائیٹ پر دستیاب سات ہفتوں کے بائبل مطالعہ کا آغاز بھی ہے۔

یسوع نے خدا کا بیٹا ہونے کا دعویٰ کیا۔ کیا وہ واقعی ہے؟ یسوع مسیح کی انوکھی پیدایش، زندگی، موت، اور پھر جی اُٹھنا پریشان کن اور حیرت انگیز ہیں۔ کیا یسوع مسیح واقعی قبر سے جی اٹھے تھے؟ شاید مسیحیت کا تمام دارومدار اِسی ایک بات پر ہے۔ یسوع نے گناہوں کو معاف کیا، جو صرف خدا ہی کر سکتا ہے۔ کیا اُس نے یہ کِیا یا نہیں کِیا؟ کیوں کہ اِس اکیلے کام کا وزن مزید سوچنے اور ایمان لانے کی ضمانت دیتا ہے۔

"پھر سردار کاہن نے اس سے کہا، 'میں زندہ خدا کے نام سے پُوچھتا ہوں - ہمیں بتا کہ کیا تُو خدا کا بیٹا مسیح ہے؟' یسوع نے جواب دیا، 'تُو خُود کہتا ہے'" (متی ۲۶:۶۳-۶۴)۔

ان پانچ دنوں کے دوران، اپنے آپ کو خُداوند یسوع کے شاگردوں کے ساتھ گفتگو میں تلاش کریں۔ میز کے ارد گرد بیٹھ کر اُس کی باتیں سنیں۔ یسوع کے ساتھ آخری کھانا کھانے کا تصور کریں۔ زندگی بدل دینے والے اُس کے الفاظ سے سیکھیں۔ بائبل مُقدس میں سے زمین پر اس کے آخری ہفتے کے ایک اہم واقعے کا بغور مُطالعہ کریں، حوالہ جات کی تشریح کریں اور اسے اپنی عملی زندگی میں لاگو کریں۔ جب آپ اُس کے بیان کردہ اِلفاظ کی قُدرت کو سمجھنا شروع کردیں گے تو شُکر گزاری کا نیا احساس دِل میں پیدا ہوگا۔

خُدا کا مُہیا کردہ برّہ ہمارے ساتھ ہے۔ اُس کا نام یسوع ہے۔ جیسا کہ آپ خود دریافت کرسکتے ہیں، اُس نے گناہ، موت اور قبر پر فتح حاصل کی۔

ہالیلویاہ!
مسیح خُداوند جی اُٹھا ہے!

NBS2GO ©2022 NBS2GO™, a Cru® ministry. All rights reserved. nbs2go.com